مقاماتِ مظہری

تالیف : شاہ غلام علی دہلویؒ ترجمہ و تحقیق : محمد اقبال مجددی



اُردو سائنس بورڈ، لاہور

سلسلہ مطبوعات نمبر ۱۷۵

مقاماتِ مظہری

(نفیس)

احوال و ملفوظات و مکتوبات

حضرت میرزا مظہر جانِ جاناں شہیدؒ

۱۱۱۱ھ / ۱۷۰۰ء ——— ۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۰ء

تالیف

حضرت شاہ غلام علی دہلوی

تحقیق و تعلیق و ترجمہ

محمد اقبال مجددی

○

اردو سائنس بورڈ

۲۹۹ - اپر مال ○ لاہور

مقاماتِ مظہری

لائبریری کیٹلاگ کارڈ

غلام علی دہلوی ، شاہ

مقامات مظہری (احوال و مقامات ، ملفوظات و مکتوبات حضرت میرزا مظہر جان جاناں شہید م ۱۱۹۵ھ/۱۷۸۰ء۔۔۔) لاہور : اردو سائنس بورڈ ، ۱۹۸۳ء

۷۹۲ ص

۱۔ مظہر جانِ جاناں ، میرزا

۲۔ سلطنتِ مغلیہ

۳۔ تصوف ــ ہندوستان

I۔ محمد اقبال مجددی ، مترجم

II۔ عنوان

۹۲۲۰۹۷

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۱۷۵

طبع اول : جولائی ۱۹۸۳ء
تعداد : ۱۱۰۰

قیمت : -/۸۰ روپے

ناشر : اشفاق احمد
ڈائرکٹر اُردو سائنس بورڈ
۲۹۹ - اپر مال ، لاہور

طابع : محمد زرین خان
مطبع : زرین آرٹ پریس
۶۱ - ریلوے روڈ ، لاہور

فرماتے ہیں کہ تو نقشبندی کیوں ہو گیا ہے اور میرا طریقہ کیوں چھوڑ دیا ہے ؟

یہ محض مزاج کی رنجشیں ہیں ۔ حالانکہ بعض مرشدوں نے اپنے مستفیدوں کو دوسرے بزرگوں کے پاس بھیجا ہے ۔ چنانچہ ہمارے حضرت نے اپنے پیر کے حکم سے اکابر سے استفادہ کیا ہے ۔ جس کسی نے جس بزرگ کے پاس نفع زیادہ دیکھا یا اشغال طریقہ سیکھے اور کوشش کی اور وہ اپنے پیر کی خدمت بجا لایا ، تو اگر اُسے مقصود حاصل نہ ہوا یا بعد مسافت اور دوری کی وجہ سے طالب استفادہ سے معذور ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ دوسرے شیخ کے پاس جائے ۔ اور فیض الٰہی سے محروم نہ رہے ۔

فرماتے تھے کہ ایک شب خواب میں ، میں نے بہشت کو دیکھا ناگاہ وہاں انبیاء علیہم السلام کی جماعت نمودار ہوئی ۔ اور حضرت حافظ صاحب ان اکابر کے آگے آگے جا رہے تھے ۔ مجھے تعجب ہوا کہ آپ کے اس طرح آگے چلنے کی کیا وجہ ہے ؟ تو حضرت نوح علیہ السلام نے فرمایا کہ ان کے منیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آگے تشریف فرما ہیں اور وہ آنجناب مقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کے لیے جا رہے ہیں ۔